© rasailojaraid.com



# کامیاب کون ہے؟

کامیاب وہ ہے جس نے اپنا مشن نہیں چھوڑا، جو مقصد کے لئے جان دے دے، جو غداروں سے رُوشناسی کے لئے قوم کو بروقت بیدار کردے، جو نونہالانِ وطن کو حقیقت کا راستہ بتائے، جو قومی معاشرہ کو تباہی سے بچانے کے لئے خون کا آخری قطرہ نچوڑ دے، جو محمد رسول اللہ ﷺ کی لائی ہوئی شریعت یعنی اسلامی آئین بہ تشریح ختمِ نبوت، آخری قانون، بین الاقوامی، بین العالمی اور بین الافاقی قانون، اسلام کے تحفظ کے لئے مرتے دم تک اس کے ساتھ وابستہ رہے وہ کامیاب ہے۔

وہ کامیاب نہیں جو قوم کا خون بہادے، جو قوم کی عزتیں لٹوا دے، جو قوم کے اموال کو تباہی سے دوچار کردے، جو اسلامی آئین میں تحریف و منافقت کے دروازے کھول دے اور جو اسلامی آئین میں اسلام کا نام لے لے کر لادین جمہوریت، اشتراکیت، مارکس ازم، فاشزم، یہودیت، مرزائیت اور سبائیت کے چور دروازے کھولے ہمارے نزدیک وہ کائنات کا، مسلمانوں کا، اسلام کا اور اس ملک وملت کا بدترین دشمن ہے۔

جانشین امیر شریعت

حضرت مولانا سید ابومعاویہ ابوذر بخاری رحمہ اللہ

© rasailojaraid.com